NYC Human Resources Administration
Department of Social Services

CHILD SUPPORT SERVICES




# امداد اطفال کے نفاذ کی کارروائیاں

امداد اطفال کی ایجنسیوں کے پاس والدین کو امداد اطفال کا قرض ادا کرنے کی ترغیب دینے کے طریقے ہیں۔



جب عدالت امداد اطفال کا آرڈر سپورٹ کلیکشن یونٹ (Support Collection Unit, SCU) کو قابل ادائیگی بنائے گی تو دفتر برائے امداد اطفال کی خدمات (Office of Child Support Services) اسے لاگو کرے گا۔ اس آرڈر کا نفاذ تب ختم ہو جاتا ہے جب یہ پورا ہو جاتا ہے اور پورا کا پورا ادا ہو جاتا ہے۔

- **انتظامی نفاذ (Administrative Enforcement)** کی کارروائیاں OCSS کو گزشتہ واجب امداد اطفال وصول کرنے اور والدین سے اسے ادا کرنے کی گزارش کرنے دیتی ہیں۔ عدالتی سماعت کی ضرورت نہیں ہوتی ہے۔ یہ کارروائیاں وفاقی اور ریاستی قانون کے تحت امداد اطفال کی ایجنسی کے لیے دستیاب ہیں۔ ایک نوٹس والدین کے گھر پر انہیں یہ بتانے کے لیے ڈاک سے بھیج دیا گیا ہے کہ کیا معاملہ پیش آنے والا ہے۔ یہ نوٹس اس کارروائی کی تعمیل یا اسے چیلنج کرنے کے لیے ہدایات بھی فراہم کرتا ہے۔

- **عدالتی نفاذ (Judicial Enforcement)** کی کارروائی عدالتی سماعت کی متقاضی ہیں۔

**نفاذ کی کارروائ کا جواب دینے یا اسے چیلنج کرنے کے طریقہ کے بارے میں**
**https://childsupport.ny.gov/order/enforce پر جا کر مزید جانیں یا QR کوڈ اسکین کریں ←**

## انتظامی نفاذ کی کارروائیاں

### رقم شامل کریں

جو والدین اپنی تنخواہ کے چیک سے امداد اطفال ادا کرتے ہیں وہ اگر امداد اطفال کی اپنی ادائیگیوں میں پیچھے رہ جاتے ہیں تو ان سے ان کی جوابدہی کا 50% زائد ادا کرنے کا تقاضا کیا جا سکتا ہے۔ قرض کو بیباق کرتے وقت تنخواہ کے چیک کی آرائشی رقم عدالت کے آرڈر کردہ رقم میں واپس جائے گ؛۔

### ٹیکس ریفنڈ کا تصفیہ

اگر والدین کا وفاقی یا ریاستی انکم ٹیکس ریفنڈ بقایا ہے تو، گزشتہ واجب الادا امداد اطفال ادا کرنے کے لیے ان میں سے کل یا بعض کو استعمال کیا جا سکتا ہے۔ ایسا معاملہ نیو یارک اسٹیٹ کے ٹیکس ریفنڈ کے ساتھ تب ہوتا ہے جب کم از کم $50 امداد اطفال میں بقایا ہو۔ وفاقی ٹیکس ریفنڈ کا تصفیہ تب ہوتا ہے جب کم از کم $500 (اگر بچے کو نقد اعانت ملتی ہو تو $150) بقایا ہو۔

### لاٹری کا انعام روک لینا

نیو یارک اسٹیٹ کی لاٹری میں $50 یا اس سے زائد جیتنے والے والدین اپنی جیتی ہوئی رقم امداد اطفال کے اپنے کیس پر لاگو کروائیں گے اگر ان پر قرض کے مد میں کم از کم $600 بقایا ہو۔

## پراپرٹی کی تعمیل

OCSS امداد اطفال کا قرض ادا کرنے کے لیے والدین کے بینک اکاؤنٹس اور دیگر مالی اثاثوں کو منجمد کر سکتا ہے۔ اگر کم از کم دو ماہ اور گزشتہ واجب امداد کا کم از کم $300 بقایا ہے تو بینک اکاؤنٹ میں موجود فنڈز لیے جا سکتے ہیں۔ اپنی تنخواہ کے چیک سے امداد اطفال ادا کرنے والے والدین کے بینک اکاؤنٹ سے فنڈز تب تک نہیں لیے جا سکتے جب تک ان کے اکاؤنٹ میں $3,000 سے زائد نہ ہو۔

## ڈرائیونگ لائسنس کی معطلی

والدین کا ڈرائیونگ لائسنس معطل کیا جا سکتا ہے اگر ان پر چار ماہ یا اس سے زائد کی امداد اطفال کی ادائیگیاں باقی ہوں۔ لائسنس معطل نہیں کیا جائے گا اگر وہ امداد اطفال کی ادائیگی اپنی تنخواہ کے چیک سے کر رہے ہیں۔ یہ اس صورت میں بھی معطل نہیں ہوگا اگر انہیں عوامی مراعات موصول ہو رہی ہوں یا ان کی آمدنی کم ہو۔ لائسنس کی معطلی اٹھائی جا سکتی ہے اگر والدین وہ سبھی گزشتہ واجب الادا امداد ادا کر دیں جو باقی تھی۔ اس تب بھی اٹھایا جا سکتا ہے جب والدین روزگار کی معلومات فراہم کردیں گے اور ادائیگی کے معاہدے پر دستخط کریں گے۔ مخصوص حالات کے تحت، NYS کا محکمہ برائے موٹر گاڑی (NYS Department of Motor Vehicles) دفتر تک یومیہ آمدورفت کی اجازت دینے کے لیے معطلی اٹھا سکتا ہے۔

## کریڈٹ بیورو رپورٹنگ

جن والدین کے پاس کم از کم $1,000 یا کم از کم دو ماہ کا گزشتہ واجب امداد اطفال ہے ان کا اکاؤنٹ کنزیومر رپورٹنگ ایجنسیز (Consumer Reporting Agencies, CRAs) کے بھیجا جائے گا۔ اس کے نتیجے میں والدین کی کریڈٹ پروفائل میں ایک منفی انٹری ہوتی ہے اور کریڈٹ (جیسے رہن، کار لون، کریڈٹ کارڈز، وغیرہ) لینے کی ان کی اہلیت متاثر ہو سکتی ہے۔

## نیو یارک اسٹیٹ کے محکمہ برائے ٹیکس اور مالیات (New York State Department of Taxation and Finance) کے نام ریفرل

NY اسٹیٹ کے محکمہ برائے ٹیکس اور مالیات (Department of Taxation and Finance, DTF) کو تب مطلع کیا جاتا ہے جب والدین پر حالیہ امداد اطفال کی چار ماہ یا اس سے زائد کی ادائیگیاں باقی ہوں جن کا میزان $500 یا اس سے زائد ہوتا ہو۔ اس کے نتیجے میں گزشتہ واجب امدادا اطفال ادا کرنے کے لیے اثاثوں (کشتیاں، گھر، کاروں) کی شناخت اور ضبطی کی صورت میں برآمد ہو سکتا ہے۔ جو والدین عوامی مراعات موصول کرتے ہیں یا جن کی آمدنی کم ہے وہ DTF کے نام ریفرل سے مستثنا ہیں۔ جو والدین DTF کے لیے شناخت کیے جانے کے وقت اپنی تنخواہ کے چیک سے امداد اطفال ادا کرتے ہیں وہ DTF کے نام ریفرل سے مستثنا ہیں۔ جو والدین DTF کے لیے شناخت کیے جانے کے بعد اپنی تنخواہ کے چیک سے امداد اطفال ادا کرتے ہیں وہ DTF کے نام ریفرل سے مستثنا نہیں ہیں۔

## نئے یا تجدید شدہ پاسپورٹس سے منع کرنا

امریکی اسٹیٹ ڈپارٹمنٹ (U.S. State Department) نئے یا تجدید کے ایسے درخواست دہندہ کے لیے پاسپورٹ سے منع کر دے گا اگر ان پر امداد اطفال کے مد میں کم از کم $2,500 باقی ہو۔ نیا پاسپورٹ حاصل کرنے کے لیے، والدین کو امداد اطفال کے اپنے قرض کا تصفیہ کرنا ہوتا ہے۔ والدین ہنگامی حالات میں نیا پاسپورٹ حاصل کرنے کے اہل ہو سکتے ہیں۔

## نئے یا تجدید شدہ NYC بزنس اور پیشہ ورانہ لائسنسوں سے منع کرنا

جو والدین نیو یارک سٹی کی ایجنیسوں کی طرف سے جاری شدہ نیا لائسنس حاصل کرنے یا موجودہ لائسنس کی تجدید کروانے کے اہل نہیں ہو سکتے ہیں۔ ایسا تب ہوتا ہے جب والدین پر چار ماہ یا اس سے زائد سے امداد اطفال کا قرض بقایا ہو۔ والدین پر لازم ہے کہ لائسنس حاصل کرنے کے لیے امداد اطفال کا اپنا پورا قرض ادا کریں یا ادائیگی کا ایک معاہدہ کریں۔ وہ یہ بیان دیتے ہوئے ایک خط بھی فراہم کر سکتے ہیں کہ انہیں روزگار حاصل کرنے کے لیے لائسنس کی ضرورت ہے۔

# عدالتی نفاذ کی کارروائیاں

## خلاف ورزی کی عرضی

خلاف ورزی کی عرضی کا استعمال عائلی عدالت سے امداد اطفال کے نفاذ کی گزارش کرنے کے لیے کیا جاتا ہے۔ یہ کام تب کیا جاتا ہے جب والدین اپنا عدالتی آرڈر ادا کرنے میں ناکام ہو جاتے ہیں۔ خلاف ورزی کی عرضی تولیتی والدین یا OCSS کے ذریعے دائر کی جا سکتی ہے۔ خلاف ورزی کی عرضی کے نتائج میں شامل ہو سکتے ہیں:

- مالی فیصلہ
  عدالت فیصلہ کرتی ہے کہ والدین کو کتنی ادائیگی کرنا لازم ہے۔ 9% سود کی شرح گزشتہ واجب رقم پر تب تک چارج کی جاتی ہےجب تک قرض بیباق نہ ہوجائے۔
- حق دعوی
  عدالت والدین کی پراپرٹی پر حق دعوی عائد کر سکتی ہے۔ قبل اس سے کہ وہ پراپرٹی بیچی یا منتقل کی جا سکے امدام اطفال کا قرض پورا کا پورا ادا کرنا ہوتا ہے۔
- کیش ڈپازٹ
  جو والدین مستقل طور پر ادائیگی نہیں کرتے ہیں انہیں امداد اطفال کے آئندہ چارجز کے عوض سیکیورٹی ڈپازٹ کرنا پڑ سکتا ہے۔
- ایمپلائمنٹ سروسز کے نام ریفرل
  عدالت والدین سے ایمپلائمنٹ سروسز پروگرام میں شرکت کرنے کا تقاضا کر سکتی ہے۔ اس سے والدین کو تعلیم، نوکری کی تربیت، اور جاب پلیسمنٹ میں اعانت ملے گی۔
- گرفتاری/اسیری
  اگر والدین خلاف ورزی کی سماعت کے لیے عدالت میں حاضر نہیں ہو پاتے ہیں تو عدالت گرفتاری کا وارنٹ جاری کر سکتی ہے۔ وارنٹ اس صورت میں بھی جاری ہو سکتا ہے اگر وہ امداد اطفال کی ادائیگیوں میں سنگین حد تک پیچھے رہ جائیں۔ اگر والدین قصداً امداد اطفال نہیں کرتے ہیں تو، انہیں چھ ماہ تک کے لیے جیل جانے کا آرڈر کیا جا سکتا ہے۔

## ریاست سے جاری شدہ پیشہ ورانہ، کاروباری یا مشغلہ جاتی لائسنسز کی معطلی:

عدالت ریاست سے جاری شدہ پیشہ ورانہ لائسنس کو معطل کر سکتی ہے اگر والدین پر کم از کم چار ماہ کا گزشتہ واجب امداد باقی ہو۔ لائسنس جاری کرنے والی کچھ ریاستی ایجنسیاں NYS آفس آف کورٹ ایڈمنسٹریشن (NYS Office of Court Administration)، NYS ڈپارٹمنٹ آف انوائرنمنٹل کنزرویشن (NYS Department of Environmental Conservation)، NYS محکمہ تعلیم (NYS Department of Education)، NYS ڈپارٹمنٹ آف اسٹیٹ (NYS Department of State)، اور NYS لیکر اتھارٹی (NYS Liquor Authority) ہیں۔

## فوجداری مواخذہ کے لیے ریفرل

گزشتہ واجب امداد اطفال کی جان بوجھ بھ عدم ادائیگی ایک وفاقی جرم ہے۔ نمایاں قرضے اکٹھا ہو جانے پرOCSS ریاستہائے محتدہ کے اٹارنی کے دفتر یا ڈسٹرکٹ اٹارنی کے دفتر کی طرف سے فوجداری مواخذہ کی درخواست کر سکتا ہے۔ اگر نفاذ کی دیگر سبھی کارروائیاں ناکام ہو چکی ہوں تو ، یہ کارروائی استعمال کیا جا سکتی ہے۔ والدین لازماً امداد اطفال کے آرڈر کی عمداً خلاف ورزی کرتے ہوں۔